| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف ’ص‘ | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف ’ص‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ، ساخت بناوٹ سے ’ص‘ لکھ سکیں۔ حرف ’ص‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ حرف ’ص‘ کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ’حروف تہجی اردو کے‘ نظم سنائی جائے گی اور اسے لے کر ’ش‘ تک کا درست تلفظ، صوتی آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’ص‘ کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:** معلّمہ ہاتھ میں حرف ’ص‘ کا Puppet Stick Card لے کر کمرہ جماعت میں داخل ہوگی۔ اور بچوں کو السلام علیکم کہہ کر ’ص‘ کا تعارف کروائے گی۔ میں حرف ’ص‘ ہوں۔ دوسرے حروف کے ساتھ ملنے سے میری بناوٹ تبدیل ہو جاتی ہے اور حرف ’ص‘ کی آدھی شکل Puppet Stick Card کے ذریعے دکھایا جائے گا ’ص‘ حروف تہجی کا اکیسواں حرف ہے۔ اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی اور بتایا جائے گا کہ اس کی آواز ’ث اور س‘ کے حروف جیسی ہے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف ’ص‘ درست بناوٹ تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اور حرف ’ص‘ کے ذخیرہ الفاظ صحرا، صندوق، صفائی، صابن، صفحہ، صوفہ، صراحی اور صاف فلیش کارڈ کے ذریعے جانیں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ حرف ’ص‘ کے اوپر کوئی نقطہ نہیں ہوتا۔ ص کی ایک آنکھ ہوتی ہے اور س کی طرح بڑا پیٹ ہوتا ہے تختہ سفید/ سیاہ لکیر کھینچ کر بچوں کو حرف ’ص‘ کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا اور باری باری بچوں کو بلا کر حرف ’ص‘ لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 10 منٹ | Puppet Stick Card | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 46 کھولنے کو کہا جائے گا بچوں سے کہا جائے گا کہ حرف ’ص‘ پر انگلی پھیریے اور اُس کی آدھی شکل پر پینسل پھیریے حرف ’ص‘ سے شروع ہونے والے الفاظ بتائے جائیں گے اور آواز کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں صندوق میں رنگ بھرنے اور ’ص‘ کی پوری اور آدھی شکل میں پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 46<br>ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:**<br>حرف ’ص‘ کی پوری اور آدھی شکل کی دہرائی کروائی جائے گی اور آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف ’ص‘ | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف ’ص‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ، ساخت بناوٹ سے ’ص‘ لکھ سکیں ۔ حرف ’ص‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔حرف ’ص‘ کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ’حروف تہجی اردو کے‘‘نظم سنائی جائے گی بچوں کو ’ص‘ کی پوری اور آدھی شکل کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ ،صوتی آواز اور نقطے پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو ص کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش کارڈ کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی۔بچوں کو صندوق کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا۔یہ صندوق ہے۔یہ کپڑے اور مختلف چیزوں کو رکھنے کے کام آتا ہے۔کیا آپ نے اپنی امی یا دادی کے پاس کوئی صندوق دیکھا ہے؟ بچوں کو بتایا جائے گا کہ صندوق کی ابتدائی آواز ’ص‘ کی ہے۔بچوں سے ہوا میں یا جلد پر یا میز پر انگلیوں کی مدد سے ’ص‘ کی پوری اور آدھی شکل بنوایئے تاکہ بچوں کا ہاتھ دائیں سے بائیں رواں ہو جائے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>پانچ پانچ بچوں کے چھوٹے گروپوں کے لیے ہر میز پر پلے ڈو کی مدد سے ’ص‘ کی پوری اور آدھی شکل بنانے کو کہا جائے گا۔حرف ’ص‘ کے تلفظ کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی۔<br>بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں ’ص‘ میں رنگ بھرنے اور ص کی پوری شکل پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>تختہ سیاہ پر لکیر کھینچ کر حرف ’ص‘ کی پوری شکل کی مشق کروایئے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br>پلے ڈو<br>ورک شیٹ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’ص‘ کی پہچان ،آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف ’ص‘ | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف ’ص‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ، ساخت بناوٹ سے ’ص‘ لکھ سکیں ۔ حرف ’ص‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ حرف ’ص‘ کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف ’ص‘ کی پوری اور آدھی شکل فلیش کارڈ کے ذریعے دکھا کر اس کا نام اور آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’ص‘ کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم صحرا کے بارے میں بات کریں گے۔ صحرا میں ہر طرف ریت ہی ریت ہوتی ہے کہ بہت گرم حصہ ہوتی ہے۔ یہاں نہ درخت ہوتے ہیں اور نہ ہی پانی۔ یہاں پر بہت کم جانور ہوتے ہیں۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ اونٹ صحرا میں رہتے ہیں۔ اور انھیں صحرا کا جہاز کہا جاتا ہے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ صحرا کی ابتدائی آواز ’ص‘ کی ہے۔ بچوں کہیے کہ وہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں سے ہوا میں حرف ’ص‘ بنائیں اور یہ عمل تین سے چار بار دہرائیں۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو چھوٹے سفید/سیاہ بورڈ دیئے جائیں گے۔ تختہ سفید/سیاہ پر ص کی پوری شکل بتایئے اور بچوں سے کہیے کہ وہ اپنے بورڈ پر ’ص‘ لکھیں۔ پھر ’ص‘ کی آدھی شکل لکھ کر بچوں سے لکھنے کو کہیے بچوں سے بار بار ’ص‘ کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھیے۔<br>بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں صراحی میں مختلف رنگوں کا استعمال کرنے اور ’ص‘ کی آدھی شکل پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | چھوٹے سفید /سیاہ بورڈ، مارکر<br>ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے صحرا، صفائی اور صابن کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں چسپاں ورک شیٹ میں صوفے میں رنگ بھریے۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ص' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ص' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ، ساخت بناوٹ سے 'ص' لکھ سکیں ۔ حرف 'ص' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ حرف 'ص' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ص' کی پوری اور آدھی شکل دکھائی جائے گی۔ حرف 'ص' کا تلفظ اور آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ص' کی پہچان ، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ 'ص' کے الفاظ زیادہ نہیں ہیں بچوں کو صفحہ، صاف صوفہ اور صراحی کے فلیش کارڈ دکھائے جائیں گے۔ بچوں سے الفاظ کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ بچوں کے ساتھ مل کر کمرہ جماعت کی صفائی سرگرمی کے طور پر کروایئے۔ | 10 منٹ | اشیاء فلیش کارڈ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>تختہ سیاہ/ سفید پر حرف س، ش اور ص کی تصاویر چسپاں کر کے بچوں سے حرف 'ص' کی تصاویر کے گرد دائرہ بنوایئے۔<br>بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 47 کھولنے کو کہا جائے گا۔ دی گئی تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ ہم کون سا حرف لکھنا سیکھ رہے ہیں بتایے۔ بچوں کو کہا جائے گا کہ حرف 'ص' کو اس سے شروع ہونے والے الفاظ سے ملایئے۔ نیچے دی گئی حرف 'ص' کی پوری اور آدھی شکل پر درست بناوٹ کے ساتھ پینسل پھیرنے اور لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 47 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے صفحہ، صاف اور صراحی کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف ’ص‘ | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف ’ص‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ، ساخت بناوٹ سے ’ص‘ لکھ سکیں ۔ حرف ’ص‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔حرف ’ص‘ کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو’ص‘ کے تمام الفاظ فلیش کارڈ کے ذریعے دکھا کر اس کی ابتدائی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں سے صابن سے ہاتھ دھلوانے کی مشق کروائی جائے۔بچوں کو صابن اور صفائی کے الفاظ سے متعارف کروا کے صاف ستھرا رہنے کی اہمیت سے آگاہ کیا جائے گا۔بچوں کو بتایا جائے گا کہ صابن اور صفائی کی ابتدائی آواز ’ص‘ کی ہے۔<br>بچوں کو Sand Tray دے کر حرف ’ص‘ کی درست بناوٹ کی پوری اور آدھی شکل کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی میں حرف ’ص‘ کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تا کہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام کر سکے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے ’ص‘ کی صوتی آواز پوچھی جائے گی اور اُس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف ’ص‘ کی پوری اور آدھی شکل لکھیں۔ | 3 منٹ<br>5 منٹ<br>30 منٹ<br>2 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br>Sand Tray<br>کاپی ورک | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’ص‘ کی پہچان ،آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |